
# اُردُو

## 5

## جماعت پنجم

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

ایک قوم، ایک نصاب




پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

# اُردُو

## جماعت پنجم

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق

## ایک قوم، ایک نصاب

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020ء کے مطابق اور قومی نظر ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔
جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔

اس کتاب کا کوئی حصّہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

تجرباتی ایڈیشن

زیرِ نگرانی: **محمد رفیق طاہر**، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

فوکل پرسن پنجاب برائے یکساں قومی نصاب: **عامر ریاض**، ڈائریکٹر (کریکولم)، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

مُصنّفہ: حنا نوید عرفانی　　ادارت: ناصر محمود اعوان

## اراکین قومی جائزہ کمیٹی

ڈاکٹر جمیل الرحمٰن (پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور)
ڈاکٹر محمد سہیل سرور (پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور)
شبانہ نعیم (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
وجیہہ رضوی (بیکن ہاؤس سکول سسٹم، اسلام آباد)
تاج ولی خان (نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ، خیبر پختونخوا)
گل ناز (فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد)
ضیاالحق کاکڑ (ادارہ نصابیات و مرکز توسیع، کوئٹہ)
حمیرا صادق قریشی (ایف۔جی۔ای۔آئی، کینٹ اینڈ گیریژن، راولپنڈی کینٹ)
عبدالوہاب (ہائی سکول تکیہ چلاس ضلع دیامر، گلگت بلتستان)
محمد شکیل (قومی نظام جائزہ تعلیم، وفاقی وزارت تعلیم و تربیت، اسلام آباد)

تکنیکی معاونت: نگہت لون، اسفندیار خان
ڈیسک آفیسر: صنم علی (قومی نصاب کونسل)

ڈائریکٹر مسودات: فریدہ صادق
ایکسٹرنل ریویو: حنا شعیب

نگران: ظہیر کاشر وٹو، سرفراز احمد فتیانہ

ڈپٹی ڈائریکٹر (آرٹ اینڈ ڈیزائن): غلام محی الدین
لے آؤٹ/ڈیزائننگ: محمد علی شیخ، محمد عمر حیات، علیم الرحمٰن

السٹریشنز: محمد علی خالد، افق جاوید، آیت اللہ
کمپوزنگ: حافظ قادر حسین، محمد جمیل کنیرا

Web version of PCTB Textbook
Not for Sale

# فہرست

## پہلی سہ ماہی


| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | حمد (نظم) | ۱ |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | مصرعوں کی تکمیل، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا، پسندیدہ شعر سنانا | |
| لفظوں کا کھیل | حروف الگ الگ کرنا، آخری حرف سے نیا لفظ بنانا | |
| قواعد سیکھیں | ختمہ اور سکتہ کا تصوّر | |
| پڑھیں | عبارت روانی سے پڑھنا | |
| کچھ نیا لکھیں | پیراگراف لکھنا | |
| آؤ کریں کام | کتابچہ تیار کرنا | |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲ | نعت (نظم) | ۶ |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | کالم ملانا، خالی جگہ پُر کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | پسندیدہ شعر کا مفہوم سنانا، دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا | |
| لفظوں کا کھیل | ہم آواز الفاظ کا تصوّر | |
| قواعد سیکھیں | الف بائی ترتیب، اسم نکرہ، اسم معرفہ کا تصوّر | |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا | |
| کچھ نیا لکھیں | دیے ہوئے موضوع پر جملے لکھنا | |
| آؤ کریں کام | الیکٹرانک میڈیا سے کوئی نظم یاد کر کے دوسروں کو سنانا | |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳ | رحمتِ عالم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم | ۱۲ |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | الفاظ سے متعلق جملے لکھنا، خالی جگہ پُر کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا | |
| لفظوں کا کھیل | معمّے میں سے الفاظ تلاش کرنا، الف بائی ترتیب سے لکھنا | |
| قواعد سیکھیں | وقفہ کا تصوّر، درست جواب کی نشان دہی کرنا | |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا | |
| کچھ نیا لکھیں | دیے ہوئے موضوع پر پیراگراف لکھنا | |
| آؤ کریں کام | فہرست بنانا | |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴ | اے وطن! تُو سلامت رہے | ۱۹ |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | غلط اور درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | پسندیدہ ملّی ترانہ سنانا، تصویروں کے متعلق بات چیت کر | |
| لفظوں کا کھیل | معمّے میں سے شہروں کے نام تلاش کر کے لکھنا | |
| قواعد سیکھیں | واحد جمع کا تصوّر، حروفِ جار کا تصوّر | |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر اس میں دی ہوئی معلومات بتانا | |
| کچھ نیا لکھیں | پیراگراف لکھنا، کسی سفر کے بارے میں لکھنا | |
| آؤ کریں کام | سیاحتی کتابچہ تیار کرنا، ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلنا | |

جائزہ: ۱

| سبق ۵ | جو وعدہ کرو سو پورا کرو | صفحہ ۲۹ |
| --- | --- | --- |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | حروف کی ترتیب درست کر کے خالی جگہ پُر کرنا، کردار شناخت کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | برقی میڈیا سے کہانی سن کر ساتھیوں کو سنانا | |
| لفظوں کا کھیل | حروف الگ الگ کر کے انھیں حروف سے مزید الفاظ بنانا | |
| قواعد سیکھیں | واوین کا تصوّر، اسم معرفہ، اسم نکرہ کی شناخت | |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا | |
| کچھ نیا لکھیں | اخلاقی کہانی لکھنا | |
| آؤ کریں کام | پسندیدہ عادات، ناپسندیدہ عادات پر مبنی چارٹ بنانا | |

| سبق ۶ | قومی تہوار (برائے مطالعہ) | صفحہ ۳۷ |
| --- | --- | --- |
| سمجھیں اور بتائیں | پڑھ کر سوالات کے زبانی جواب دینا | |

## دوسری سہ ماہی

| سبق ۷ | ہوا چلی (نظم) | صفحہ ۳۹ |
| --- | --- | --- |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | مصرعوں کی تکمیل، حروف جوڑ کر الفاظ بنانا، ان سے متعلقہ مصرعے تلاش کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا | |
| لفظوں کا کھیل | گروہی الفاظ کا تصوّر | |
| قواعد سیکھیں | سابقے، لاحقے کا تصوّر | |
| پڑھیں | اشعار پڑھ کر ان کا مرکزی خیال بتانا | |
| کچھ نیا لکھیں | دیے ہوئے موضوع پر پیراگراف لکھنا | |
| آؤ کریں کام | انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہوئے معلومات اکٹھی کرنا اور ساتھیوں کو بتانا | |

| سبق ۸ | میری پہچان ہے تُو | صفحہ ۴۵ |
| --- | --- | --- |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | الفاظ سے متعلقہ معلومات لکھنا، درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | قومی ترانے کا مفہوم بتانا | |
| لفظوں کا کھیل | لفظ سازی، لغت کا استعمال | |
| قواعد سیکھیں | اعراب کا استعمال، علامتِ فاعل اور علامتِ مفعول کا تصوّر | |
| پڑھیں | پہیلیاں پڑھنا، بوجھنا | |
| کچھ نیا لکھیں | درخواست لکھنا | |
| آؤ کریں کام | قومی ترانے سے متعلق چارٹ تیار کرنا | |

| سبق ۹ | ہمارے پیشے | صفحہ ۵۳ |
| --- | --- | --- |
| آپ نے کیا سمجھا؟ | کالم ملانا، درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب | |
| مل کر کریں بات | تصویروں کے متعلق بات چیت کرنا | |
| لفظوں کا کھیل | الفاظ سازی، الف بائی ترتیب | |
| قواعد سیکھیں | فعل سے فاعل بنانا، تذکیر و تانیث کو مدِنظر رکھتے ہوئے فعل کا استعمال کرنا | |
| پڑھیں | پیراگراف پڑھ کر اس کے بارے میں سوالوں کے جواب دینا | |
| کچھ نیا لکھیں | تصویریں دیکھ کر کہانی لکھنا | |
| آؤ کریں کام | مختلف پیشوں سے وابستہ افراد کے بارے میں بات چیت کرنا | |

## جائزہ: ۲

سبق ۱۰ — **ایک گائے اور بکری (نظم)** — صفحہ ۶۴

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | کالم ملانا، درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | کرداروں کے بارے میں بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنانا اور ان کے بارے میں لکھنا |
| قواعد سیکھیں | واحد جمع کا استعمال کرنا، خالی جگہ پُر کرنا، غلط جملوں کی درستی کرنا |
| پڑھیں | اشعار پڑھ کر ان کے بارے میں بتانا |
| کچھ نیا لکھیں | شعر کا مفہوم لکھنا |
| آؤ کریں کام | نظم کو کرداری مکالمے کی صورت میں پیش کرنا |

سبق ۱۱ — **حضرت عُثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ** — صفحہ ۷۰

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | خالی جگہ پُر کرنا، درست جواب کا انتخاب کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | واقعہ سنانا، اظہارِ خیال کرنا |
| لفظوں کا کھیل | اعراب لگانا، لُغت کا استعمال، جملے بنانا |
| قواعد سیکھیں | فعل ماضی، حال اور مستقبل کے جملوں کی شناخت اور تبدیلی الفاظ متضاد کا تصوّر، خالی جگہ پُر کرنا |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر خلاصہ سنانا |
| کچھ نیا لکھیں | خط لکھنا، عددی ترتیب کا تصوّر |
| آؤ کریں کام | معاشرتی مسئلے کی نشان دہی کرنا، اس کا حل تجویز کرنا اور گتّے کے ڈبّے سے غلّہ بنانا |

سبق ۱۲ — **دُنیا آپ کی مُٹھی میں** — صفحہ ۷۸

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | خالی جگہ پُر کرنا، غلط و درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | الفاظ کے حروف الگ کرنا اور آخری حرف سے کوئی خوبی لکھنا |
| قواعد سیکھیں | ماضی شکیہ، تمنّائی اور شرطیہ کا تصوّر |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا |
| کچھ نیا لکھیں | کسی ذریعہ ابلاغ کے بارے میں معلومات لکھنا، اُردو زبان میں ای۔میل لکھنا |
| آؤ کریں کام | اُردو کی۔بورڈ کا چارٹ بنانا |

سبق ۱۳ — **ہم پھول اِک چمن کے (نظم)** — صفحہ ۸۵

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | مصرعوں کی تکمیل کرنا، الفاظ کی ترتیب درست کر کے مصرعے لکھنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | اپنا پسندیدہ شعر سنانا، دیے ہوئے موضوع پر تجاویز دینا |
| لفظوں کا کھیل | حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنانا، ہم آواز الفاظ کا تصوّر |
| قواعد سیکھیں | قوسین کا تصوّر |
| پڑھیں | اشعار پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا |
| کچھ نیا لکھیں | محاورات کا جملوں میں استعمال کرنا، ہندسی گنتی کو عددی ترتیب میں بدل کر خالی جگہ پُر کرنا |
| آؤ کریں کام | دعوت نامہ تیار کرنا درج ہدایات پر عمل کرنا |

سبق ۱۴ — **آؤ بچّو! سنو کہانی** (برائے مطالعہ) — صفحہ ۹۱

| | |
|---|---|
| سمجھیں اور بتائیں | پڑھ کر سوالات کے زبانی جواب دینا۔ |

سبق ۱۵ — **آئیں! مدد کریں** — صفحہ ۹۵

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | خالی جگہ پُر کرنا، غلط اور درست بیان کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | متشابہ الفاظ کا تصوّر |
| قواعد سیکھیں | حروفِ ندا، تاسّف اور استعجاب کا تصوّر اور استعمال |
| پڑھیں | پیرا گراف پڑھ کر سوالوں کے جواب دینا |
| کچھ نیا لکھیں | مضمون لکھنا |
| آؤ کریں کام | چارٹ بنانا |

**جائزہ: ۳**

## سبق ۱۶ — رکھیں میرا خیال — صفحہ ۱۰۱

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | درست الفاظ سے خالی جگہ پُر کرنا، کالم ملانا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | مختلف الفاظ اور ان کا استعمال |
| قواعد سیکھیں | استفہامیہ کا تصوّر اور جملوں میں استعمال، حروفِ عطف کا تصوّر اور استعمال |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر اس کا مفہوم بتانا |
| کچھ نیا لکھیں | تصویروں کی مدد سے کہانی لکھنا |
| آؤ کریں کام | کُوڑے دان، گُل دان بنانا اور تقریر کرنا |

## سبق ۱۷ — نیک بنو، نیکی پھیلاؤ (نظم) — صفحہ ۱۰۷

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنانا اور ان سے متعلقہ مصرعے لکھنا، کالم ملانا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | مرکّب الفاظ کا تصوّر |
| قواعد سیکھیں | جملوں کی زمانے کے لحاظ سے تبدیلی، علامتِ فاعل اور علامتِ مفعول کا استعمال |
| پڑھیں | نظم پڑھ کر مرکزی خیال سنانا |
| کچھ نیا لکھیں | نثر بنانا، دیے ہوئے موضوع پر دس سے پندرہ جملے لکھنا |
| آؤ کریں کام | فہرست بنانا، داخلہ فارم پُر کرنا |

# تیسری سہ ماہی

## سبق ۱۸ — ایک قدیم شہر — صفحہ ۱۱۳

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | خالی جگہ پُر کرنا، غلط درست بیان کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | لغت کا استعمال کرنا، الف بائی ترتیب سے الفاظ لکھنا |
| قواعد سیکھیں | غلط جملوں کی دُرستی کرنا، مترادف اور متضاد الفاظ کا تصوّر |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر اس کے بارے میں سوالوں کے جواب دینا |
| کچھ نیا لکھیں | محاورات کا جملوں میں استعمال کرنا، مضمون لکھنا |
| آؤ کریں کام | مختلف صوبائی عمارات سے متعلق کتابچہ تیار کرنا |

## سبق ۱۹ — حُسنِ سُلوک — صفحہ ۱۲۰

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | معمّے میں سے الفاظ تلاش کر کے متعلقہ جملے لکھنا، درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | سبق پر اظہارِ خیال کرنا، کرداروں کے متعلق رائے دینا |
| لفظوں کا کھیل | مرکّب الفاظ کا تصوّر، جملہ سازی |
| قواعد سیکھیں | اعراب کو مدِّنظر رکھتے ہوئے درست معانی کی شناخت کرنا، کالم ملانا، حروفِ شرط و جزا کا تصوّر اور استعمال |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر اپنے الفاظ میں بتانا |
| کچھ نیا لکھیں | مختصر کہانی لکھنا، دیے ہوئے موضوع پر پیراگراف لکھنا |
| آؤ کریں کام | تہنیتی کارڈ بنانا |

## سبق ۲۰ — کہا اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے (نظم) — صفحہ ۱۲۹

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | مصرعوں کی تکمیل، حروف کی ترتیب درست کر کے لفظ بنانا اور اس سے متعلقہ مصرع لکھنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | نظم پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | اشاروں کی مدد سے شخصیت کا نام بُوجھنا |
| قواعد سیکھیں | الفاظ مترادف کا تصوّر، الف بائی ترتیب اور لُغت کا استعمال کرنا |
| پڑھیں | اشعار پڑھ کر ان میں پوشیدہ پیغام بتانا |
| کچھ نیا لکھیں | دیے ہوئے موضوع پر دس جملے لکھنا |
| آؤ کریں کام | تقریر تیار کرنا، انٹرنیٹ کی مدد سے معلومات اکٹھی کرنا اور گنتی یاد کرنا۔ (۶۱ تا ۱۰۰) |

## سبق ۲۱ — بے مِثل ہے نِظام تیرا — صفحہ ۱۳۴

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | حروف کو ترتیب دے کر الفاظ بنانا، خالی جگہ پُر کرنا، درست جواب کی نشان دہی کرنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | دیے ہوئے موضوع پر بات چیت کرنا |
| لفظوں کا کھیل | الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے درمیان والے حرف سے مزید الفاظ بنانا |
| قواعد سیکھیں | واحد کی جمع اور جمع کی واحد بنانا، فاعل اور مفعول کو مدِنظر رکھتے ہوئے فعل کا استعمال کرنا |
| پڑھیں | عبارت پڑھ کر مرکزی خیال بتانا |
| کچھ نیا لکھیں | دیے ہوئے موضوعات پر چند جملے لکھنا |
| آؤ کریں کام | نظامِ شمسی سے متعلق چارٹ تیار کرنا |

## سبق ۲۲ — اقوالِ زرّیں (برائے مطالعہ) — صفحہ ۱۴۰

| | |
|---|---|
| سمجھیں اور بتائیں | پڑھ کر سوالات کے زبانی جواب دینا |

## سبق ۲۳ — ٹوٹ بٹوٹ کے مُرغے (نظم) — صفحہ ۱۴۱

| | |
|---|---|
| آپ نے کیا سمجھا؟ | مصرعوں کو درست ترتیب سے لکھنا، معمے میں سے الفاظ تلاش کر کے ان سے متعلقہ مصرعے لکھنا، سوال جواب |
| مل کر کریں بات | اپنا پسندیدہ مزاحیہ واقعہ یا شعر سنانا |
| لفظوں کا کھیل | مختلف طریقوں سے الفاظ سازی کرنا |
| قواعد سیکھیں | حروفِ ندا، حروفِ استعجاب، حروفِ افسوس اور حروفِ جار کا استعمال کرتے ہوئے خالی جگہ پُر کرنا |
| پڑھیں | عبارت درست تلفّظ اور روانی سے پڑھنا |
| کچھ نیا لکھیں | مزاحیہ مضمون لکھنا |
| آؤ کریں کام | انٹرنیٹ کا استعمال کرنا، یومِ مزاح منانے کا اہتمام کرنا |

جائزہ: ۵

سبق ۱

# حمد



## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- سُنی ہوئی چیزوں کی تفہیم کرکے بتا سکیں۔
- حافظے میں موجود نظم اور اشعار لے اور آہنگ سے سنا سکیں۔
- عبارت (نظم) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصوّرات کو اخذ کرکے بیان کر سکیں۔
- شعر پڑھ کر اس کا مفہوم لکھ سکیں۔
- رُموزِ اوقاف (ختمہ، سکتہ) کا استعمال کر سکیں۔
- نظموں میں دیے ہوئے فطری مناظر پر اپنے جذبات اور احساسات کا اظہار کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- اللہ تعالیٰ نے یہ حسین دُنیا کس کی خاطر تخلیق کی؟
- کن کن چیزوں کی وجہ سے دُنیا خُوب صُورت نظر آتی ہے؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- دُنیا کا سب سے بڑا صحرا ''صحارا'' ہے، جو کہ شمالی افریقہ میں واقع ہے۔
  یہ صحرا امریکہ کے کُل رقبے کے برابر ہے۔
- دُنیا کی بلند ترین آبشار ''اینجل آبشار'' ہے جو کہ وینز ویلا میں واقع ہے۔

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے ''حاصلاتِ تعلّم'' دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کرام کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل ''سوچیں اور بتائیں'' کے سوالات بچوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ ''ٹھہریں اور بتائیں'' کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ ''کیا آپ جانتے ہیں؟'' میں دی ہوئی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔



NOT FOR SALE-PESRP

# حمد

## تلفّظ سیکھیں

| شَبنَم | قَدَر | گُل کاریاں | خالِق | دَشت | کون ومکاں | جلوہ گری | فَلک |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

خُدا سب کا خالِق ہے کون و مکاں میں — یہ گُل کاریاں جس قدر ہیں جہاں میں

فلک، چاند، سُورج، یہ روشن ستارے
پہاڑ اور دریا، یہ دل کش نظارے
پہاڑوں سے گرتے ہیں پانی کے دھارے
کہ شَبنَم نے پُھولوں کے چہرے نکھارے

خُدا سب کا خالِق ہے کون و مکاں میں — یہ گُل کاریاں جس قدر ہیں جہاں میں

خُدا کی ہر اِک سَمت جلوہ گری ہے
کہ نُوری فضاؤں سے دنیا بَھری ہے
ہر اِک دَشت شاداب، کھیتی ہری ہے
یہ سب میرے مالک کی کاری گری ہے

خُدا سب کا خالِق ہے کون و مکاں میں — یہ گُل کاریاں جس قدر ہیں جہاں میں

زمیں کا ہر اِک ذرّہ چمکا ہوا ہے
وہ دیکھو کہ سُورج بھی نکلا ہوا ہے
جدھر دیکھیے نُور پھیلا ہوا ہے
خُدا ساری دنیا پہ چھایا ہوا ہے

خُدا سب کا خالِق ہے کون و مکاں میں — یہ گُل کاریاں جس قدر ہیں جہاں میں

(غنؔی دہلوی)

## ٹھہریں اور بتائیں

- اللہ تعالیٰ کی قُدرَت کی چند نشانیاں بتائیں۔
- زمین کا ہر اِک ذرّہ کس وجہ سے چمکا ہوا ہے؟

## ہم نے سیکھا

- اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو انتہائی خُوب صُورت بنایا۔
- دُنیا کی ہر شے سے اللہ تعالیٰ کی قُدرَت جھلکتی ہے۔



NOT FOR SALE-PESRP

# مشق

## نئے الفاظ

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خالق | پیدا کرنے والا | دِل کش | خوب صورت |
| دَشت | جنگل، غیر آباد علاقہ | شاداب | سرسبز |
| گُل کاری کرنا | پھول بُوٹے بنانا | کون و مکاں | دُنیا جہاں |
| فلک | آسمان | ذرّہ | کسی چیز کا نہایت چھوٹا ٹکڑا |

## آپ نے کیا سمجھا؟

۲۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| فلک، چاند، سُورج | کھیتی ہری ہے |
| خدا کی ہر اک سمت | ہے کون و مکاں میں |
| ہر اِک دشت شاداب | چمکا ہوا ہے |
| زمیں کا ہر اک ذرّہ | یہ روشن ستارے |
| خدا سب کا خالق | جلوہ گری ہے |

**برائے اساتذۂ کرام**

سوال نمبر ا میں دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے بچوں سے جملے بنوائیں تا کہ وہ ان الفاظ کا مفہوم بہتر طریقے سے جان سکیں۔

۳۔ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

- پہاڑوں سے گرتے ہیں ــــــ کے دھارے
- کہ نُوری ــــــ سے دُنیا بھری ہے
- وہ دیکھو کہ ــــــ بھی نکلا ہوا ہے
- یہ سب میرے ــــــ کی کاری گری ہے
- جدھر دیکھیے نُور ــــــ ہوا ہے
- کہ ــــــ نے پُھولوں کے چہرے نکھارے

Web version of PCTB Not for sale

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) پہلے بند میں شاعر نے کن دِل کش نظاروں کا ذکر کیا ہے؟

(ب) شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کاری گری کے حوالے سے کن چیزوں کا ذکر کیا ہے؟

(ج) ''ہر اِک دشت شاداب، کھیتی ہری ہے'' سے کیا مراد ہے اور یہ کس وجہ سے ہے؟

(د) ''خُدا ساری دُنیا پہ چھایا ہوا ہے'' کا مفہوم لکھیں۔

(ہ) حمد میں بیان کی گئی نعمتوں کے علاوہ کوئی سی پانچ نعمتوں کے نام اور ان سے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔

## مِل کر کریں بات

۵۔ حمد میں سے اپنا پسندیدہ شعر سنائیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔

برائے اساتذہ کرام

سوال نمبر ۵ کے لیے بچوں کو اظہارِ خیال کا موقع دیں نیز ان سے سبق میں دی ہوئی حمد یا پھر کسی اور نظم کا پسندیدہ شعر سنانے اور پسندیدگی کی وجہ بتانے کے لیے کہیں۔ سوال نمبر ۶ کی سرگرمی کروانے سے پہلے تختۂ تحریر پر مختلف الفاظ کی مدد سے اس سرگرمی کی وضاحت دیں اور مشق کروائیں، جیسے: لفظ ''حسین'' کے حروف ہوں گے (ح۔ س۔ ی۔ ن) اب آخری حرف ''ن'' سے مزید الفاظ بن سکتے ہیں۔ جیسے: ناشپاتی، ندی اور ناریل وغیرہ۔

## لفظوں کا کھیل

۶۔ دیے ہوئے الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں اور آخری حرف سے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی سی دو چیزوں کے نام لکھیں۔

| الفاظ | حروف | چیزوں کے نام | |
|---|---|---|---|
| فلک | | ________ | ________ |
| حمد | | ________ | ________ |
| سمت | | ________ | ________ |
| شجر | | ________ | ________ |
| شبنم | | ________ | ________ |

## قواعد سیکھیں

ختمہ (۔) دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ہے۔ ہم اس کی مخلوق ہیں۔

اُوپر دیے ہوئے جملوں کے آخر میں ختمہ (۔) لگایا گیا ہے۔ عبارت / جملے میں جب بات مکمل ہو جائے تو وہاں ''ختمہ'' کی علامت لگائی جاتی ہے۔

۷۔ دی ہوئی عبارت غور سے پڑھیں اور مناسب جگہ پر ختمہ (۔) لگائیں۔

ایک نیک آدمی کے پاس بہت دولت تھی وہ اپنی دولت بھلائی کے کاموں میں خرچ کرتا تھا وہ بہت سادہ کپڑے پہنتا اور سادہ غذا کھاتا تھا وہ ایک صاف مگر بہت چھوٹے سے گھر میں رہتا تھا

PCTB Textbook Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

**سکتہ (،)** دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں۔

> نیک آدمی غریبوں، محتاجوں، مفلسوں اور مسکینوں کی مدد کرتا تھا۔
> اُس کے علاقے کے بچے، جوان اور بوڑھے سب اس کی عزّت کرتے تھے۔

اُوپر دیے ہوئے جملوں میں سکتہ (،) کی علامت لگائی گئی ہے۔ جب کسی جملے میں دو یا دو سے زیادہ ایک طرح کے الفاظ ساتھ ساتھ آجائیں تو انھیں ایک دوسرے سے الگ کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ تین یا تین سے زیادہ الفاظ کی صُورت میں آخری لفظ کے ساتھ "سکتہ" کے بجائے لفظ "اور" آئے گا۔

۸۔ دیے ہوئے جملوں میں مناسب جگہوں پر سکتہ (،) کا استعمال کرتے ہوئے سامنے دی ہوئی جگہ میں جملے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ابا جان بازار سے کیلے انگور امرُود مالٹے اور سیب لائے۔ | |
| حنا رابعہ شازیہ اور اسما سب پانچویں جماعت میں پڑھتی ہیں۔ | |
| میرے بستے میں کاپی قلم کتاب اور ڈائری موجود ہے۔ | |
| باغ میں گُلاب موتیے سُورج مکھی اور نرگس کے پُھول کھلے ہیں۔ | |

## پڑھیں

۹۔ دی ہوئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی مخلوق میں سب سے افضل درجہ دیا۔ اس نے ہماری ہدایت کے لیے انبیا کرام علیہم السّلام بھیجے جنھوں نے ہمیں ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔ اس نے الہامی کتابیں نازل کیں تاکہ ہم ان سے راہ نمائی حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ اس کائنات کا واحد خالق و مالِک ہے۔ وہ ہر شے پر قادر ہے۔ اس کی نظر میں ہمارے سب کام ہیں۔ وہ روزِ جزا کا مالک ہے۔ اسے اپنے بندوں سے بے حد محبت ہے۔ ہمیں ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیے اور صرف اسی سے مدد مانگنی چاہیے۔

## کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہمارے والدین ہیں۔ اس موضوع پر ایک پیراگراف لکھیں۔

## آؤ کریں کام

۱۱۔ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کوئی سی دس چیزوں کی تصویروں پر مشتمل ایک کتابچہ تیار کریں اور جماعت میں ساتھیوں کو دکھائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

بچے اس سے پہلے ختمہ اور سکتہ کا تصور سیکھ چکے ہیں۔ تختۂ تحریر پر اعادہ کروا کر کتاب پر کام مکمل کروائیں۔ سوال نمبر ۱۱ کی سرگرمی کے لیے بچوں کو ترغیب دیں کہ وہ چارٹ کے 6x6 انچ کے فلیش کارڈ پر تصویریں چسپاں کر کے انھیں کتابچے کی شکل دیں یا پھر رنگ دار پنسلوں کی مدد سے خود تصویریں بنالیں۔ یہ سرگرمی جوڑیوں کی صورت میں مکمل کروائیں۔

Web version only
Not for sale